سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# قرض لوٹانا

21 مئی 2026



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان:5منٹ (2): دُعا یاد کرنا:5منٹ (3): جائزہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **قرض لوٹانے** کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **ادائے قرض کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

## درود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: مجھ پر درود شریف پڑھو، اللہ پاک تم پر رحمت بھیجے گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب!　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## قرض لوٹانا

امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے معاشرے کو گناہوں اور برائیوں سے پاک کرنے کے لیے اسلامی بہنوں، اسلامی بھائیوں اور طلبا وغیرہ کے لیے سوالات کی صورت میں نیک اعمال کے مختلف رسائل ترتیب دیئے ہیں، آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے **نیک عمل نمبر:41** کے بارے میں سیکھیں گے۔

**نیک عمل نمبر41:** کیا آج آپ نے قرض ہونے کی صورت میں (ادائیگی کی طاقت کے باوجود) قرض خواہ کی اِجازت کے بغیر **قرض ادا کرنے میں تاخیر تو نہیں کی**، نیز کسی سے عاریتاً (یعنی عارضی طور پر) لی ہوئی چیز ضرورت پوری ہونے پر طے کیے ہوئے وقت کے اندر واپس کر دی؟

## قرض لوٹانے میں تاخیر کسے کہتے ہیں

قدرت ہونے کے باوجود مقررہ وقت پر اُدھار لوٹانے میں ٹال مٹول کرنا، **قرض لوٹانے میں تاخیر کرنا** ہے۔

---

1…جامع الصغیر، صفحہ:310، حدیث:5032۔

## آیتِ مبارکہ

فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِی اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ (پارہ:3،البقرۃ:283)

ترجمۂ کنزُالعِرفان: اور اگر تمہیں ایک دوسرے پر اِطمینان ہو تو وہ(مقروض) جسے امانت دار سمجھا گیا تھا وہ اپنی امانت ادا کردے اور اللہ سے ڈرے جو اس کا رب ہے۔

یہاں امانت سے مراد قرض ہے۔[1] آیت کا مطلب یہ ہوا کہ مقروض کو چاہیئے کہ قرض کی ادائیگی میں کسی طرح کی ٹال مٹول نہ کرے، اللہ پاک سے ڈرتے ہوئے قرض ادا کرے۔[2]

## فرامینِ آخری نبی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

❁ جو قدرت کے باوجود قرض دینے میں ٹال مٹول کرے،(تو جتنے دن تک وہ قرض ادا نہیں کرتا) اللہ پاک ہر دن اور رات میں اس کے لیے گناہ لکھتا ہے۔[3] ❁ عاریتاً (یعنی عارضی طور پر) لی ہوئی چیز لوٹائی جائے، عاریت(یعنی عارضی طور پر لیا ہوا) جانور واپس کیا جائے۔[4]

## قرض لوٹانے کے مُتعلق احکام

(1): قرض لوٹانا فرض[5] اور قدرت کے باوجود قرض لوٹانے میں ٹال مٹول کرنا[6] یا دبا لینا، بالکل ہی ادا نہ کرنا، حرام اور جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔[7] (2): قرض کی ادائیگی کے لیے کمانا فرض ہے۔[8] (3): جس سے قرض لیا اگر وہ زندہ ہے تو اسی کو قرض لوٹانا ہو گا اور اگر وہ فوت ہو چکا، تو اس کے

1 ... جلالین مع حاشیہ صاوی، پارہ:3، سورۂ بقرہ، زیر آیت:283، جلد:1، صفحہ:209۔
2 ... تفسیر قرطبی، پارہ:3، سورۂ بقرہ، زیر آیت:283، جلد:2، صفحہ:894، ملتقطاً۔
3 ... شعب الایمان، باب فی ان یحب المسلم لاخیہ... الخ، جلد:7، صفحہ:530، حدیث:11232۔
4 ... سنن ابن ماجہ، ابواب الصدقات، باب العاریۃ، صفحہ:384 حدیث:2398۔
5 ... الحدیقۃ الندیۃ، جلد؛1، صفحہ:455۔
6 ... مرقاۃ المفاتیح، کتاب البیوع، باب الافلاس والانتظار، جلد:6، صفحہ:107، تحت الحدیث:2907۔
7 ... فتاوی مفتی اعظم، جلد:5، صفحہ:88، ملخصاً۔
8 ... الحدیقۃ الندیۃ، جلد؛1، صفحہ:455۔

وارثوں کو دینا ہو گا، اگر وارث نہ ملیں تو انہیں تلاش کریں، تلاش کا حکم اس وقت تک ہے جب تک ملنے کی اُمید ہو اگر نہ مل سکیں تو محتاج مسلمانوں کو اس کی طرف سے صدقہ کرنا ہو گا۔[1] (4): اگر قرض کی ادائیگی سے عاجز ہو تو تاخیر جائز ہے۔[2] عموماً دیکھا گیا ہے کہ جب حالات کی وجہ سے قرض کی ادائیگی میں تاخیر ہو رہی ہو تو لوگ قرض دینے والے سے مُنہ چھپانے لگتے ہیں، یہ انداز درست نہیں، اگر آپ قرض ادا نہیں کر سکتے تو قرض دینے والے کو ملیے اور اس سے مزید مہلت لے لیجیے! اس طرح قرض میں تاخیر کے گُناہ سے بھی بچ جائیں گے اور معاشرے میں رُسوائی بھی نہیں ہو گی (5): عاریت (یعنی عارضی طور پر) لی ہوئی چیز جیسی لی ویسی ہی لوٹانا واجب ہے۔[3]

## قرض نہ لوٹانے کے نقصانات

❁ قرض نہ لوٹانے سے محبتیں کم ہوتیں اور دلوں میں دوریاں پیدا ہوتی ہیں ❁ احادیث کے مطابق ❋.. قرض لوٹانے میں ٹال مٹول کرنے والا ظالم ہے۔[4] ❋.. جو قدرت کے باوجود اُدھار نہ لوٹائے، اس کے نامۂ اعمال میں گناہ لکھے جاتے ہیں، جب تک کہ قرض ادا نہ کر دے۔[5] ❋.. قرض لوٹانے میں ٹال مٹول کرنا شیطانی کام ہے۔[6] ❋.. اللہ پاک کی راہ میں شہید ہونے والے کا ہر گناہ مُعاف ہو جائے گا سوائے قرض کے۔[7] ❋.. جو قرض ادا کیے بغیر فوت ہو جائے اس کے بارے میں فرمایا: مومن کی جان قرض کی وجہ سے معلّق رہتی ہے (یعنی جنت میں جانے سے روک دی جاتی ہے یا بلند درجات سے روک دی جاتی ہے) یہاں تک کہ اس کا قرض ادا کر دیا جائے۔[8] ❁ اگر کوئی قرض ادا کیے بغیر

---

1... فتاویٰ مصطفویہ، صفحہ: 428-429، ملخصاً۔
2... مرقاۃ المفاتیح، کتاب البیوع، باب الافلاس والانتظار، جلد: 6، صفحہ: 107، تحت الحدیث: 2907۔
3... درر الحکام شرح مجلۃ الاحکام، جلد 3، صفحہ 82، دار الجیل۔
4... بخاری، کتاب فی الاستقراض واداء الدیون... الخ، باب مطل الغنی ظلم، صفحہ: 618، حدیث: 2400، ملخصاً۔
5... شعب الایمان، باب فی ان یحب المسلم لاخیہ... الخ، جلد: 7، صفحہ: 530، حدیث: 11232۔
6... الجامع الصغیر، صفحہ: 204، حدیث: 3405۔
7... مسلم، کتاب الامارۃ، باب من قتل فی سبیل اللہ... الخ، صفحہ: 754، حدیث 1886، ملخصاً۔
8... ترمذی، کتاب الجنائز، باب ماجاء عن النبی انہ قال... الخ، صفحہ: 280 حدیث: 1079۔

وفات پاگیا تو قیامت کے دن اس کی نیکیاں قرض خواہوں کو دی جائیں گی، تین پیسہ قرض کے بدلے 7 سو نمازیں باجماعت دینی پڑیں گی۔ جب قرضہ دبانے والے کے پاس نیکیاں نہ رہیں گی تو قرض خواہوں کے گناہ مقروض کے سر پر رکھے جائیں گے اور آگ میں پھینک دیا جائے گا۔[1]

## قرض نہ لوٹانے کے گُناہ سے بچنے کے طریقے

❁ قناعت اختیار کیجیے! یعنی اوّل تو یہ کوشش کیجیے! کہ کسی سے کوئی چیز لینی ہی نہ پڑے، اللہ پاک نے جتنا کچھ عطا فرمایا ہے، اسی میں گزارا کرنے کی عادت بنائیے اور اُدھار صرف وصرف اسی صورت میں لیں جبکہ اس کے بغیر چارہ ہی نہ ہو ❁ اگر اُدھار لینا ہی پڑ جائے تو اسے جلد از جلد اُتارنے کی کوشش کیجیے! کہ قرض ایک بوجھ ہے، جس کے سبب آدمی معاشرے میں بھی رُسوا ہو سکتا ہے اور جنّت میں جانے سے بھی روک دیا جاتا ہے ❁ جب قرض لیں تو اسے واپس لوٹانے کی پکی نیت بھی لازمی کر لیجئے! **حدیث پاک میں ہے:** قرض لیتے وقت جس کی نیت قرض ادا کرنے کی ہو تو قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں اللہ پاک اس کی مدد فرمائے گا ❁ مال کی محبّت دِل سے نکال دیجیے! کہ یہ بُری محبّت کئی ایک گُناہوں کی جڑ ہے ❁ اپنی آمدن اور خرچ کے نظام کو بہتر کیجیے! اگر قرض ذمہ ہے تو اسے اُتارنے کے لئے جدول بنائیے! اس کے مطابق کچھ نہ کچھ رقم نکالیے! اور جلد از جلد قرض اُتارنے کی راہ بنائیے ❁ قرض کی ادائیگی کے لیے اَوراد و وظائِف پڑھیے! اس کے لئے درودِ پاک کی کثرت بہت مفید ہے۔

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### ادائے قرض کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

---

1 …فتاوی رضویہ، جلد:25، صفحہ:69۔

**ترجمہ:** اے اللہ پاک! مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل و کرم سے اپنے سوا غیروں سے بے نیاز کر دے۔[1]

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابِین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39): کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40): ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41): وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42): عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43): صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44): مسلمانوں کے عُیُوب

---

1 ...مستدرک، کتاب الدعاء...الخ، باب دعاء قضاء الدین، جلد:2، صفحہ:230، حدیث:2016، مدنی پنج سورۃ، صفحہ:207۔

کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللّٰه پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یاسنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار9نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یاسنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یاسنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟